آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینشیخ تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

07.40 / PM　　　　19/05/2026

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی آج Oslo ۔ انڈیا میں تیسرے Nordicناروے اجلاس میں کر رہے ہیں شرکت۔

*........ منشیات کے خلاف لیفٹنٹ گورنر کی قیادت والی پد یاتراؤں کا سلسلہ جا ری// ابھیان کے تحت تین لاکھ93ہزار بیداری پروگراموں کا انعقاد۔

*........ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے جموں میں سمارٹ سٹی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا لیا جائزہ۔

*........ جموں میں گرمی کی شدید لہر// پارہ 42 ڈگری تک جا پہنچا۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مو دی آج Osloانڈیا-Nordic ناروے میں تیسرے اجلاس میں شرکت کریں گے۔

اجلاس کا بنیادی مقصد ٹیکنالوجی، قابل تجدید توانائی، دفاع، تجارت اور دیگر شعبوں میں نارڈِک ممالک کے ساتھ اہم شراکت داری کو بڑھا وا دینا ہے۔

وزا رت خارجہ کے مطابق اس اجلاس کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ساتھ ناروے، ڈینمارک، فن لینڈ، آئس لینڈ اور سویڈن کے وزرائے اعظم بھی شرکت کریں گے۔ اجلاس کے حاشیے میں وزیراعظم نریندر مو دی نے آج آئس لینڈ کے وزیر اعظم کے ساتھ دوطرفہ میٹنگوں کا انعقاد کیا۔

LGپلوامہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات کا قلع قمع کرنے کےلئے اپنا کلیدی رول ادا کر کے منشیات کے پورے نیٹ ورک کو  نیست و نابود کریں تاکہ نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچایا جا سکے ۔

آج پلوامہ میں نشہ مکت ابھیان کے تحت منعقدہ ایک بڑی پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ پچھلے ایک ماہ کے دوران لوگ منشیات کے خلاف منظم ہو گئے اور انہوننے منشیات کے خلاف یک جٹ ہوکر آواز اُٹھائی۔

انہوننے کہا کہ ابھیان کے تحت اب تک یوٹی میں3لاکھ93ہزار بیداری پروگرام منعقد کئے 897ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا جبکہ49جائیداد وں کو ضبط کیا گیا۔

-----LG----

نشہ

واضح رہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے 100 دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کی شروعات11اپریل کو جموں سے کی تھی جب سے لے کر پولیس، انتظامیہ اور دیگر محکموں نے منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی۔

ایل جی نے اس دھندے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک طرف ڈرگ سمگلروں کو ختم کرنے کےلئے منظم کارروائی کی جائے گی اور دوسری طرف اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آبادکاری کےلئے بھی لازمی اقدامات کئے جائیں گے۔

------LG-------

جمونو کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے بچانے کےلئے درکار اقدامات کے تعلق سے وادی کے ایک فلمساز گُل ریاض نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--Gul Riyaz--

درخشاں

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر میں منشیات کانیٹ ورک1989سے دہشت پسندی کے ساتھ ساتھ کام کررہا ہے اور سماج میں اسکی جڑیں کا فی مضبوط ہیں۔

آج بڈگام میں” اسٹک آلو“ نامی پروگرام میں انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر میں شروع کئے گئے نشہ مکت ابھیان نے اب ایک تحریک کی شکل اختیار کی ہے۔

میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ مساجد اور زیارت گاہوں میں بھی ائمہ حضرات اس بدعت کے خلاف اپنی آواز بلند کر رہے ہیں۔

اس موقعے پر بی جے پی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول نے ثقافتی روایات اور اخلاقیات کو تحفظ دے کر نوجوان پود کو ان سے روشنا س کرانے کی ضرورت پرزور دیا۔

کشمیر پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جا ری رکھتے ہوئے آج اننت ناگ میں غیر قانونی طور خشخاش کاشت کرنے والوں کے خلاف تین معاملات درج کئے۔

پولیس نے شوپیان ضلعے کے کئی تعلیمی اداروں میں منشیات مخالف بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔

گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول آتھورہ بارہمولہ میں منشیات مخالف کراس کنٹری دورڈ کا انعقاد کیا گیا۔

پولیس نے وادی کے مختلف علاقوں سے6 ڈرگ سمگلر گرفتار کرے ان کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

پولیس نے ویری ناگ میں ایک کمسٹ شاپ کو قوانین کی خلاف ورزی کی پاداش میں سربمہر کر دیا۔

پولیس نے پارمپورہ سرینگر کے اویس امین ڈینٹھو نامی ڈرگ سمگلر کی ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کیا ۔

ڈوڈہ پولیس

ایکٹ سے متعلق ایک تربیتی پروگرام NDPS ڈوڈہ میں تحقیقاتی افسرونکےلئےDPLڈوڈہ پولیس نے کا انعقاد کیا۔

پولیس نے منگنار علاقے سے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔ ڈوڈہ پولیس نے گنڈو ہ سب ڈویژن میں کئی میڈیکل شاپس کا معائنہ کیا۔

ضلعے میں منشیات مخالف بیداری پروگراموں کا بھی انعقاد کیا گیا۔

سانبہ پولیس نے گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول پُرمنڈل میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔

ناصر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج جموں میں،جموں سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے تحت عملائے جا رہے کلیدی نوعیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر انہو ں نے ہدایات دیں کہ وہ تمام پروجیکٹوں کو سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا شروع ہونے سے پہلے مکمل کریں۔ بعد میں انہوننے کئی پروجیکٹوں کا دورہ کر کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

دریں اثناءناصر اسلم وانی نے آج جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران شری امر نا تھ جی یاترا، عید الاضحی اور موسم گرما کے سلسلے میں مختلف محکموں کی طرف سے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اس سال اگست میں کشتواڑ کے پہاڑی علاقے میں منعقد ہونے والی سالانہ مچیل ماتا یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے مختلف محکموں کو ہدایت دی کہ وہ یاترا کے احسن انعقاد کےلئے تمام انتظامات مکمل کریں اور شردھالوؤں کو ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے نیز لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے اور اس بینک کو جمونو کشمیر کے اقتصادی ڈھانچے میں ایک کلیدی اہمیت حاصل ہے اور بینک ہر گذرتے دن کے ساتھ ترقی کی نئی منزلوں کو چھو رہا ہے۔

امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز CEOاس تعلق جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Amitab----

پروگرام

موصوف کے ساتھ ہمارے شعبہ خبر کی طرف سے تیار کر دہ سلسلہ وار CEOمنیجنگ ڈائریکٹر اور پروگرام کی دوسری اور آخری قسط آج رات ساڑھے 8بجے نشر کی جائے گی۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----Gong-----

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کئی عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقعے پر انہوننے اپوزیشن جماعتوں پر الزام لگایا کہ وہ اپنے حقیر مقاصد کےلئے لوگوں کو گمرہ کر رہی ہے۔

انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کو عوامی تائید حاصل ہے۔ انہوننے کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ رابطہ بنا ئے رکھیں۔

دریں اثناءپارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں حکومت نے ایک محدود وقت میں جموںو کشمیر میں کونے کونے میں تعمیر و ترقی کا ایک وسیع جال پھیلایا۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر، پارٹی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق اور کئی دیگر لیڈروں نے آج صورہ جاکر وہاں مرحوم شیخ علی محمد کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ  ست شرما سے آج جموں میں کئی عوامی وفود ملاقی ہوئے اور اپنے اپنے مسائل انکی نوٹس میں لائے۔

ست شرما نے انہیں اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

اُدھر ست شرما کی نگرانی میں راجوری اورنوشہرہ پونچھ میں پارٹی کی طرف سے ایک مہا پرشِکشن ورگ کا انعقاد کیا گیا۔

**BJP**

بی جے پی جموںو کشمیر کے سٹیٹ ترجمان انجینئر ساحل بشیر بٹ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور ابھی ختم نہیں ہوا ہے بلکہ یہ دہشت پسندی اور اسکے ڈھانچے کو ختم کرنے کےلئے ایک قومی مشن کے طور پر جا ری رہے گا۔

ایک پریس بیان میں انہوںنے کہا کہ آپریشن سندور تب تک جا ری رہے گا جب تک نہ تمام دہشت پسندوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

**شاہین**

جنتا دل یونائیٹڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور جموںو کشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو بڑھا وا دینے کےلئے مزید اقدامات کرنے کا مطالبہ اُن کے سامنے رکھا۔

جی ایم شاہین نے اس موقعے پر کہا کہ سیاحتی سیکٹر کو دوبارہ اپنی پٹری پر لانے کےلئے اعتماد پر مبنی مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

**داخلہ**

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال2026-27کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

IIMCنئی دلی کی وائس چانسلرDr. Pragya Paliwal Gaur نے کہا ہے کہ اس کورس میں30نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ26مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔

**----Promo----**

**کشمیر یونیورسٹی**

خواتین کے قومی کمیشن نے کشمیر یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف سٹوڈنٹس ویلفیر کے اشتراک سے متعلق ایک بیدار ی پروگرام Gender Sensitisation and Posh سے یونیورسٹی کیمپس میں کا انعقاد کیا گیا جس میں یونیورسٹی کے قائمقام وائس چانسلر پروفیسر محی الدین سنگمی اورNCWکی چیرپرسن وجیاRahatkar نے خطاب کیا۔

**کلسوترا**

آدی واسی کنفینڈریشن نے جموںو کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے اپیل OBC-Minorityدلت کی ہے کہ وہ UTکے مختلف علاقوں میں گجر اور بکروال طبقے کی رہائشوں کو منہدم کئے جانے کے سلسلے میں مداخلت کریں۔

کنفینڈڑیشن کی ایک میٹنگ کے بعد جاری کئے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ سٹیٹ لینڈ اور DOMA منشیات رکھنے کے نام پر گجر بکروال طبقے سے وابستہ کئی لوگوں کے گھر منہدم کر کے اُنہیں

بال بچوں سمیت کھلے آسمان تلے زندگی گذارنے پر مجبور کیا جا رہا ہے اور اس عمل پر فوری روک لگائی جانی چاہئے۔

میٹنگ میںDOMA-کے دیگر زعما سمیت فیڈریشن کے سٹیٹ صدر آر کے کلسوترا نے حصہ لیا

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموںو کشمیر کی اکنامِک اوفینسز وِنگ نے 93لاکھ روپے مالیت کی اراضی کے ایک فراڈ معاملے میں Semsaan بڈگام میں تلاشی کارروائیاں عمل میں لائیں۔

ایک پریس بیان میں کرائم برانچ جموںو کشمیر نے عام لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ اسطرح کی فراڈ کرنے والوں سے خبر دار رہیں اور اسطرح کے کسی بھی معاملے کو کرائم برانچ جموںو کشمیر کی اکنامِکس اوفینسز وِنگ کے ایس ایس پی عبدل وحید شاہ کی نوٹس میں لائیں۔

ہمدانی تعزیت

جموں وکشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سرپرست میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے جمعیت کے رُکن اور معروف تاجر غلام نبی حکاک کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

ریلوے

جموں ریلوے ڈویژن کے تحت آنے والے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ ریلوے سٹیشن کے ٹکٹ چیک کرنے والے عملے نے اُس وقت انسانیت کی ایک روشن مثال قائم کی جب انہوننے ایک لاپتہ بچے کو اپنے والدین کے ساتھ واپس ملایا ۔

دراصل ریل عملے نے ایک کمسن بچی کو اکیلے میں پاتے ہی پبلک ایڈریس نظام کے ذریعے فوری اعلانات کئے، جس کے نتیجے میں بچی کے والدین وہاں پہنچ گئے اور ضروری لوازمات پورا کرنے کے بعد انہیں آپس میں ملایا گیا۔

سینئر ڈویژنل کمر شل منیجر جموں اُچت سنگھل نے عملے کی اس کوشش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریل انتظامیہ مسافروں کی سلامتی اور مدد کےلئے کار بند ہے۔

موسم

جموں خطے میں گرمی کی شدید لہر ہے اور وہاں عام لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جموں میںآج دن کا پارہ 42ڈگری سیلسیس تک جا پہنچا جبکہ وہانکل رات کا کم سے کم درجہ حرارت28 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

خطے کے کئی علاقوں میں گرم لو کے نتیجے میں پانی اور بجلی کی قلت پیدا ہونے لگی ہے۔ انتظامیہ نے اس صورتحال کا مقابلہ کرنے کےلئے ایک احتیاطی ایڈوائزری بھی جا ری کی ہے۔

اس سلسلے میں جموں میونسپل کارپوریشن کے ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

**--Dr.Shahid Hussain--**

**درجہ حرارت**

**ادھر محکمہ موسمیات کے مطابق جمونوکشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کاامکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 26 منٹ اور**

**غروب آفتاب شام7 بجکر29منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا ۔**

**اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ**

**.....................................**

**....................**

**........**